**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2019**

**Pakistan Studies Paper II**

**Time: 1 hour 30 minutes   Marks:   30**

Tea pril/ May 2019 for Learning only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کل **آٹھ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر میں 8 دو انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی **ایک** حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نا کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نا کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نا کیجیے۔

اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نا لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 2 نمبر)

’’میں آپ سے کوئی مخصوص حوالے سے بات نہیں کررہا مگر آج جب مجھے آپ سے بات کرنے کا موقع ملا ہے تو آپ کو لازماً متنبہ کروں گا کہ آپ کا عمل سُنی سنائی باتوں، نعروں، ادھوری اور غیر ضروری معلومات سے ہرگز متاثر نہ ہو۔ ایسی باتوں کو دل پر نہ لیں اور نہ ہی ان چیزوں کو طوطے کی طرح دھرائیں۔ یہ کالج آپ کو تربیت کے مواقع فراہم کررہا ہے ان سے بھرپور فائدہ اُٹھایئے تاکہ آپ آنے والی نسلوں کی قیادت کرسکیں۔ میں آپ کو طالب علموں کی ایک عمومی غلطی سے آگاہ کردوں، طلبہ یہ سمجھتے ہیں کہ انہیں کوئی بھی اُس چیز کے بارے میں نہیں بتا سکتا جس کے بارے میں وہ پہلے سے نہیں جانتے ہیں۔ یہ بات انسانی سوچ و فکر کے لیے تباہ کن ہے اور اکثر برائی کی طرف لے جاتی ہے۔ لیکن اگر آپ اپنے آپ سے سیکھنا چاہتے ہیں نہ کہ اپنے بڑوں کی زندگی کے تجربوں سے تو جیسے جیسے آپ آگے بڑھتے جائیں گے آپ کو ان چیزوں کے لیے بھاری نقصان اُٹھانا پڑے گا جو آپ نے زندگی بھر میں خود سے حاصل کرنے کی کوشش کی۔ یہ آپ کے لیے کسی بھی چیز سے زیادہ خطرناک ثابت ہوگی۔

اسلامیہ کالج، پشاور میں قائدِ اعظم کی تقریر

دیے گئے اقتباس میں سے کوئی دو عوامل اخذ کیجیے جنھیں آپ بہ طورِ طالب علم نظریۂ پاکستان کے لیے لازمی سمجھتے ہیں۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔ 2 (کل 3 نمبر)

(الف) دو قومی نظریہ تحریر کیجیے۔ (1 نمبر)

(ب) جنگِ آزادی 1857 کے بعد برِّ صغیر میں دو قومی نظریہ کے تصوّر کو فروغ دینے والی دو وجوہات کو بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

سوال۔3 (کل 3 نمبر)

1930 کی دہائی میں آل انڈیا مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے انڈین فیڈیریشن اور صوبائی خود مختاری کا مطالبہ کیا گیا۔ 1940 میں قراردادِ لاہور میں پہلے والے مطالبے کو واپس لیتے ہوئے علیحدہ ملک کا مطالبہ کیا گیا۔

کوئی **تین** وجوہات واضح کیجیے جن کی بناء پر آل انڈیا مسلم لیگ نے اپنا پہلا مطالبہ چھوڑ کر الگ ملک کا مطالبہ کیا۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔4 (کل 4 نمبر)

پاکستان کو 1947 میں دو بڑے مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔

- پناہ گزین
- قومی زبان کا تعیّن

پاکستان نے ان مسائل کا حل کیسے تلاش کیا؟ وضاحت کیجیے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔5 (کل 3 نمبر)

اسلم کے علاقے کے سالانہ اوسط درجۂ حرارت میں تبدیلی آگئی ہے اور درجہ حرات اب 35ºC سے بڑھ کر 45ºC ہو گیا ہے اور بارش میں بھی کمی آگئی ہے جس کے سبب صاف پانی کے ذخائر کم ہو رہے ہیں۔ آنے والے برسوں میں درجۂ حرات میں مزید اضافہ متوقع ہے۔

اس صورتِ حال کے تحت اس علاقے میں رہتے ہوئے اسلم کے اہلِ خانہ کو کن **تین** مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے؟

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔6 (کل 4 نمبر)

بہ طور ایک طالب علم کوئی سے **چار** طریقے تجویز کیجیے جن کی مدد سے ملک میں عالمی حِدّت (global warming) کے اثرات پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔7 (کل 6 نمبر)

سرور ایک ایکڑ سے کم زمین کے ٹکڑے کا مالک ہے۔ وہ دریائے سندھ کے بالائی میدانی علاقے میں رہتا ہے جہاں کا اوسط درجہ حرارت 25°C سے 35°C رہتا ہے ۔ اس علاقہ میں بہترین نظامِ آب پاشی کی سہولت موجود ہے جب کہ سالانہ اوسط بارش 1500mm ہے ۔ تاہم، اس کی زمین صنعتی علاقے کے قریب واقع ہے جس کے باعث نقل و حمل کے لیے جدید سڑکوں کا جال بھی قائم ہے۔

اس صورت حال کی روشنی میں درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:

i۔ سرور کاشت کاری کے جس طریقے کو اپنائے گا اس کی نشان دہی کیجیے۔ (کل 1 نمبر)

ii۔ اپنے جواب کے حق میں ایک عدد معقول وجہ پیش کیجیے۔ (کل 1 نمبر)


iii۔ اس فصل کی نشان دہی کیجیے جسے سرور اُگا سکتا ہے۔ (کل 1 نمبر)

iv۔ جواب iii میں نشان دہی شدہ فصل کے حق میں کوئی دو قدرتی عوامل اور ایک انسانی عوامل تحریر کیجیے۔ (کل 3 نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔8 (کل 5 نمبر)

(الف) فراہم کردہ پائی چارٹ پاکستان کے ہر صوبے میں سیم سے متاثر زمین کی فی صد کو ظاہر کرتا ہے۔




کوئی **پانچ** اقدامات تحریر کیجیے جن کی مدد سے مسئلے پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ فی فصل پیداوار میں اضافہ کیا جاسکتا ہے؟

**یا**

(ب) باؤنڈری کمیشن کی ناانصافی سے پاکستان کی معیشت پر پڑنے والے کوئی **پانچ** اثرات کا تجزیہ کیجیے۔

April/May 2019 for Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only